
# ذاتی دیکھ بھال | گھڑی

**صرف 28% پاکستانیوں کے مطابق اُن کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی ہے؛ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد (23%) کے مقابلے میں ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد میں کلائی کی گھڑی رکھنےکی شرح دو گنا سے بھی زیادہ پائی گئی (51%) ؛ گھڑیوں کا استعمال کرنے والوں میں، اینالاگ (سوئیوں والی) گھڑیاں اب بھی سب سے زیادہ مقبول ہیں (67%)۔**

برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی ہے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

ذاتی دیکھ بھال

## گھڑی

پاکستانیوں میں کلائی کی گھڑی کا استعمال اور اس کی اقسام

**صرف 28% پاکستانیوں کے مطابق اُن کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی ہے؛ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد (23%) کے مقابلے میں ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد میں کلائی کی گھڑی رکھنے کی شرح دوگنا سے بھی زیادہ پائی گئی (51%)؛ گھڑیوں کا استعمال کرنے والوں میں، اینالاگ (سوئیوں والی) گھڑیاں اب بھی سب سے زیادہ مقبول ہیں (67%)۔**


**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 08 ستمبر 2026

گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، صرف 28% پاکستانیوں نے بتایا کہ اُن کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی ہے، جبکہ 72% کے مطابق اُن کے پاس ایسی کوئی گھڑی نہیں ہے۔ تعلیم کے لحاظ سے کلائی کی گھڑی رکھنے کے رجحان میں واضح فرق سامنے آیا ہے۔ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ پاکستانیوں میں 51% کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی ہے، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں اس حوالے سے شرح صرف 23% پائی گئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی (Wristwatch) ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 28% جوابدہندگان کے مطابق ہاں، اُن کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی ہے، جبکہ 72% جوابدہندگان کے مطابق نہیں، اُن کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی نہیں ہے۔ نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانیوں میں کلائی کی گھڑی رکھنے کا رجحان نسبتاً کم ہے اور بڑی اکثریت کے پاس ایسی گھڑی نہیں ہے۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی (Wristwatch) ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 811 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%±2- لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** کلائی کی گھڑی رکھنے کے رجحان میں تعلیم کے لحاظ سے نمایاں فرق سامنے آیا۔ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ پاکستانیوں میں 51% نے بتایا کہ اُن کے پاس کلائی میں پہننے والی گھڑی ہے، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح صرف 23% رہی۔ دونوں تعلیمی گروپوں کے درمیان 28% پوائنٹس کا فرق ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زیادہ تعلیم یافتہ پاکستانیوں میں کلائی کی گھڑی رکھنے یا استعمال کرنے کا رجحان کہیں زیادہ ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*([www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com); [www.gallup.com.pk](http://www.gallup.com.pk), [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

وہ افراد جنہوں نے بتایا کہ اُن کے پاس کلائی کی گھڑی ہے، ان سے مزید یہ سوال پوچھا گیا: **”برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے پاس کونسی گھڑی ہے ڈیجیٹل گھڑی (ڈیجیٹل ہندسوں والی) یا عام گھڑی (اینالاگ/سوئیوں والی)؟“**۔ اس سوال کے جواب میں، تقریباً دو تہائی (67%) افراد کے مطابق اُن کے پاس سوئیوں والی عام گھڑی (اینالاگ واچ) ہے، جبکہ 33% کے مطابق ان کے پاس ڈیجیٹل گھڑی ہے، جس پر وقت ہندسوں میں دکھائی دیتا ہے۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے پاس کونسی گھڑی ہے ڈیجیٹل گھڑی (ڈیجیٹل ہندسوں والی) یا عام گھڑی (اینالاگ/سوئیوں والی)؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*([www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com); [www.gallup.com.pk](http://www.gallup.com.pk), [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

مجموعی طور پر نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانیوں میں کلائی کی گھڑی رکھنے کا رجحان نسبتاً کم ہے۔ کلائی کی گھڑی رکھنے کے معاملے میں تعلیم کے لحاظ سے سب سے نمایاں فرق سامنے آیا۔ جبکہ گھڑی رکھنے والوں میں ڈیجیٹل گھڑی کے مقابلے میں روایتی سوئیوں والی گھڑی زیادہ عام ہے۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 08 September 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)